سوال

(335) قنوت کی دعا میں ہاتھ اٹھانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

قنوت وتر میں دعا کے لیے ہاتھ اٹھانے کا کیا حکم ہے

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

قنوت وتر میں ہاتھ اٹھانا جائز ہے۔ کیونکہ یہ دعا بھی قنوت نازلہ ہی کی طرح سے ہے۔ اور قنوت نازلہ میں ہاتھ اٹھا کر دعا پڑھنا آپ علیہ السلام کے عمل سے ثابت ہے۔ سنن الکبریٰ بیہقی میں صحیح سند سے مروی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 284

محدث فتویٰ